# رائے عامہ سروے | پاکستان میں ائیرلائنز کے بارے میں آگاہی

**پاکستان انٹرنیشنل ائیرلائنز اب بھی پاکستان میں سب سے زیادہ پہچانی جانے والی ائیرلائن ہے، 47% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُنھوں نے پی آئی اے کا نام سنا ہے۔پی آئی اے کے بارے میں آگاہی بڑی عمر کے پاکستانیوں میں سب سے زیادہ (56%)پائی گئی، جبکہ نوجوانوں میں ائیر بلیو (21%) اور فلائی جناح (14%) کے بارے میں آگاہی نسبتاً زیادہ رہی۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ نے ان میں سے کون سی ائیرلائنز کے بارے میں سنا ہے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سفر

### پاکستان میں ایئر لائنز کے بارے میں آگاہی

**پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (PIA) اب بھی پاکستان میں سب سے زیادہ پہچانی جانے والی ایئر لائن ہے، 47% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُنہوں نے PIA کا نام سنا ہے۔ PIA کے بارے میں آگاہی بڑی عمر کے پاکستانیوں میں سب سے زیادہ (56%) پائی گئی، جبکہ نوجوانوں میں ایئر بلیو (21%) اور فلائی جناح (14%) کے بارے میں آگاہی نسبتاً زیادہ رہی۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 07 ستمبر 2026)

گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، PIA پاکستان میں سب سے زیادہ پہچانی جانے والی ایئر لائن ہے۔ 47% پاکستانیوں نے بتایا کہ انہوں نے PIA کا نام سنا ہے۔ اس کے بعد، ایئر بلیو (Airblue) کے بارے میں آگاہی 18%، فلائی جناح (Fly Jinnah) کے بارے میں 13%، ایئر سیال (AirSial) کے بارے میں 8% اور سیرین ایئر (SereneAir) کے بارے میں آگاہی 6% پائی گئی، جبکہ 48% پاکستانیوں کا کہنا تھا کہ انہوں نے اِن ایئر لائنز میں سے کسی کا بھی نام نہیں سنا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ نے ان میں سے کون سی ایئر لائنز کے بارے میں سنا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 47% جواب دہندگان کے مطابق اُنہوں نے PIA کا نام سنا ہے، جس کے بعد، ایئر بلیو - Airblue (18%)، فلائی جناح - Fly Jinnah (13%)، ایئر سیال - AirSial (8%) اور سیرین ایئر - SereneAir (6%) کا حوالے سے بتایا۔ اس کے علاوہ، 48% جواب دہندگان کے مطابق اُنہوں نے اِن میں سے کسی بھی ایئر لائن کا نام نہیں سنا۔

مجموعی طور پر نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ سروے میں شامل ایئر لائنز میں PIA سب سے زیادہ پہچانی جانے والی ایئر لائن ہے، تاہم تقریباً نصف پاکستانیوں نے بتایا کہ انہوں نے دی گئی ایئر لائنز میں سے کسی کا بھی نام نہیں سنا۔ PIA کے بارے میں آگاہی خاص طور پر بڑی عمر کے پاکستانیوں میں زیادہ ہے، جبکہ نوجوانوں میں نسبتاً نئی نجی ایئر لائنز، جیسے ایئر بلیو اور فلائی جناح، کے بارے میں آگاہی زیادہ پائی گئی۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ نے ان میں سے کون سی ایئر لائنز کے بارے میں سنا ہے (ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)"؟**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 811 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** ایئر لائنز کے بارے میں آگاہی مختلف عمر کے افراد میں نمایاں طور پر مختلف پائی گئی۔ 50 سال یا اس سے زائد عمر کے 50 افراد نے بتایا کہ وہ PIA سے واقف ہیں، جبکہ 30 سال سے کم عمر افراد میں یہ شرح 45% اور 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد میں 43% رہی۔ اس کے برعکس، نوجوانوں میں ایئر بلیو اور فلائی جناح کے بارے میں آگاہی نسبتاً زیادہ پائی گئی۔ 30 سال سے کم عمر افراد میں 21% نے ایئر بلیو، جبکہ 14% نے فلائی جناح کا نام سننے کے حوالے سے بتایا۔ دوسری جانب، 30 سال سے کم عمر 48% اور 30 سے 50 سال کی عمر کے 54% افراد نے بتایا کہ انہوں نے دی گئی ایئر لائنز میں سے کسی کا بھی نام نہیں سنا، جبکہ 50 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں یہ شرح 37% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 07 September 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)